www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



حفیظ تائب

# کھلی کتاب ہے گویا حیاتِ پیغمبر

عیاں ہیں دن کی طرح سب صفاتِ پیغمبر
کھلی کتاب ہے گویا حیاتِ پیغمبر

اُسی کے دم سے ہوئی کائنات کی تسخیر
وہ اعتماد جو تھا کائناتِ پیغمبر

نہیں ہے ثبت بغیرِ جواز اے لوگو!
صحیفہ دوسرا پر ثباتِ پیغمبر

جو زندگی کو ہمیشہ حرارتیں دے گا
وہ آفتاب ہے دنیا میں ذاتِ پیغمبر

کتابِ زندہ و شرعِ متیں و دینِ مبیں
جہاں میں کم تو نہیں معجزاتِ پیغمبر

اساسِ عدل و مساوات دینِ پیغمبر
تمام دہر ہے گویا رہینِ پیغمبر

سبھی علوم جدیدہ ہیں مستعار اُن سے
فلاسفہ ہیں سبھی خوشہ چینِ پیغمبر

مدار اس کا ہے فطرت ثمر ہے اس کا سکوں
حیات بخش ہے شرعِ متینِ پیغمبر

جواب دہ ہے سوالِ عوام کا ہر دم
بہر زمانہ ہر اک جانشینِ پیغمبر

رسولِ عافیت آثار کی سعادت سے
بنی ہے رشکِ جناں سرزمینِ پیغمبر



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ